وہ شخص ہم میں سے نہیں، جس نے رخسار پیٹا، گریبان چاک کیا اور زمانہ جاہلیت کی طرح بین کیا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: "وہ شخص ہم میں سے نہیں، جس نے رخسار پیٹا، گریبان چاک کیا اور زمانہ جاہلیت کی طرح بین کیا"

[صحیح] [متفق علیہ]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے دور جاہلیت والوں کے کچھ افعال سے منع اور خبردار کیا ہے فرمایا : وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے: 1- جو رخسار پیٹے آپ نے بطور خاص رخسار پیٹنے کا ذکر اس لیے فرمایا کہ اس طرح کے موقعوں پر عام طور سے رخسار ہی پیٹا جاتا ہے ورنہ چہرے کے باقی حصے کو پیٹنا بھی ممانعت میں داخل ہے 2- جس نے جزع فزع کرتے ہوئے گریبان پھاڑا 3- دور جاہلیت کے لوگوں کی بول بولے مثلا ہائے ہائے اور بربادی کا الاپ لگائے, نوحے اور ماتم وغیرہ کرے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5380